From *Badr,* 21 November 1907, page 8.

*Translator's Note:* In the translation below, we have printed in bold the repeated words "and until", occurring in the first paragraph. This is to enable all the points to be easily discerned. The division into paragraphs is also to facilitate reading. The image of the article from *Badr* follows the translation.

---

# A New Writing by the Promised Messiah

# Philosophy of Revelation

A member of the *Jama'at* has written to the Promised Messiah, mentioning some of his own revelations and the infiltration into them at one time of devilish influence, and his dreams and visions. In reply the holy Hazrat has written him a letter, in which he has explained clearly who are those people who receive true revelation. For general benefit, that letter is published as below.

*Assalamu alaikum wa rahmatullahi wa barakatu-hu*

I have read the whole of your letter. I do not deny that man can have the privilege of receiving communication from God. However, I do say that it is a very difficult matter. **Until** a man reaches the state of *fana,* and he remains truthful while under severe trials from God, and he suffers death many times, and he bears harshness of all sorts in the way of God, **and until** every kind of egotism and desire for fame is removed from him, **and until** a true transformation takes place within him, **and until** he is so absorbed in seeking the pleasure of God that he himself remains as nothing, **and until** he shows such perseverance to God that he remains patient in the face of tribulations coming upon him like rain, **and until** he acquires a true connection with God so that all selfish and low desires perish, **and until** the fight with his self-accusing spirit comes to an end, **and until** a fire is kindled within him so that he makes God's pleasure his entire and perfect aim, all his other aspirations becoming extinct, **and until** a yearning and anxiety for the love of God necessarily arises in his heart, **and until** he is in reality slaughtered for the sake of God, **and until** an entire change comes over him, **and until** at times of severe tests, and to display the glory of God, he is ever prepared to sacrifice himself, **and until** all the roots of show and conceit, and of fury, envy and vanity in the soul are utterly removed from his heart, **and until** the influence of God is so powerful over him that he feels all other existence to be like a dead insect, neither seeking praise from it nor regretting condemnation by it, **and until** he offers before God a true and pure sacrifice of all his being and all his powers, **and until** he is alive not by the ordinary spirit but by God's company, **and until** he is prepared to lose everything by his own hand for His sake, **and until** there is generated in him true and perfect love for the Holy Prophet Muhammad, **and until** he is truly and fully devoted to raising aloft the name of Islam, **until then** he cannot, absolutely not, have the privilege of receiving communication from God.

God the Most High has referred to this in two short verses: "He is indeed successful who purifies it, and he indeed fails who corrupts it" (the Quran, 91:9–10). The very mental constitution of such people is special. The amount of sorrows they have to bear, and the

repetitive, terribly severe tests with which they are tried, and the long series of failures they have to witness, no one else possesses that kind of heart and mind. If anyone else were to face even a little sorrow, out of the constant sorrows they face, he would die or become insane. Therefore, you must never entertain the desire, out of your own self, to receive revelation from God. At the time of such desire, the devil gets an opportunity and wants to destroy you. Your goal and objective must always be to attain purity of the soul and righteousness in accordance with the will of God, and to perform good deeds which please Him. When God is pleased, then at that time, if His wisdom and purpose allow it, He will grant it Himself. It must never be considered as your real goal because that is the basis of destruction. The real goal should be that you are granted the ability to adhere to the commandments of God in accordance with the teaching of the Holy Quran, you attain purification of the soul, the love of God the Most High and His greatness be firmly established in your heart, and you hate sin. God has taught the same prayer: "Guide us on the right path, the path of those upon You have bestowed favours". Thus here, God has not said that you should pray to receive revelation. Rather, He has said that you should pray to find the right path, the path of those persons who ultimately were privileged with reward from God.

It is not the work of the individual to wish to receive revelation, nor is there any merit for him in it. In fact, it is the act of God, not a good deed performed by man for which he hopes for reward. Then, considering that man suffers from these problems, that sometimes he comes to think of the talk of his own soul as being revelation, and sometimes he is trapped in the clutches of the devil and thinks of that as being revelation, it shows how dangerous is this path. Without powerful testimonies from God, how can such revelations be acceptable? Gravely ill-fated are those persons who never ponder over their own condition, as to which are the matters in which they need to pass the test in God's eyes, and which are the tribulations they must pass through before their fidelity can be proved in God's eyes? Before traversing these deep ravines, they become desirous of receiving revelation. They must abstain from this, and concentrate on seeking repentance and forgiveness. Without full righteousness, full sacrifice of life, and full engrossment in God, revelation is a drum-beat and highly deadly and a fatal poison. Man hears the voice of him to whom he is near. So you must first become near to God and distant from the devil, so that you hear the voice of God.

Humbly, Mirza Ghulam Ahmad

اخبار بدر نمبر ۴۷ جلد ۶ ۸ ۲۱ - نومبر ۱۹۰۷ء

## حضرت مسیح موعود کی ایک تازہ تحریر

# الہام کی فلاسفی

اپنی جماعت کے ایک دوست نے اپنے بعض الہامات اور پھر اُن میں ایک وقت شیطانی دخل کا اور اپنی خوابوں اور مکاشفات کا ذکر کرتے ہوئے ایک تحریر حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں بھیجی جس کے جواب میں حضرت اقدس نے ان کو ایک خط لکھا ہے۔ جس میں وضاحت کے ساتھ حضور نے بیان فرمایا ہے۔ کہ سچا الہام کن لوگوں کو ہو سکتا ہے۔ عام فائدہ کے واسطے وہ خط شائع کیا جاتا ہے۔ ا د

السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ۔ میں نے یہ تمام خط پڑھ لیا ہے۔ میں اِس بات سے انکار نہیں کرتا۔ کہ انسان مکالمات الٰہیہ سے مشرف ہو سکتا ہے ہاں میں یہ کہتا ہوں کہ یہ بڑا مشکل امر ہے۔ جب تک انسان فنا کی حالت تک نہ پہنچ جائے۔ اور وہ خدا کی سخت آزمائشوں کے وقت صادق نہ ٹھہرے اور کسی موتیں اس پر وارد نہ ہوں اور کئی قسم کی تلخیاں خدا کی راہ میں نہ اٹھاوے اور جب تک کہ ہر ایک قسم کی نفس پرستی اور عجب یا شہرت کی خواہش اس سے دور نہ ہو اور جب تک کہ سچی تبدیلی اس میں پیدا نہ ہو اور جب تک کہ خدا کی رضا جوئی کے نیچے ایسا محو نہ ہو۔ کہ کچھ بھی نہ رہے اور جب تک کہ وہ خدا کو وہ استقامت نہ دکھاوے کہ بارش کی طرح اس پر بلائیں برسیں اور وہ صابر رہے اور جب تک کہ اس کا حقیقی تعلق خدا سے نہ ہو جاوے۔ کہ تمام نفسانی پر بال جھڑ جاویں اور تمام سفلی خواہشیں جل جاویں اور جب تک کہ نفس لوامہ کا جنگ ختم نہ ہو جائے اور جب تک یہ آگ اس میں پیدا نہ ہو۔ کہ وہ خدا کی رضا کو اپنی تمام اور کامل مراد بناوے اور دوسری تمام مرادیں درحقیقت معدوم ہو جاویں اور جب تک کہ ایک تپش اور خلش لازمی طور پر خدا کی محبت میں اس کے سینے میں پیدا نہ ہو جائے اور جب تک کہ وہ درحقیقت خدا کے لئے ذبح نہ ہو جائے اور جب تک کہ اس کی ہستی پر ایک بھاری انقلاب نہ آوے اور جب تک کہ وہ خدا کے مقابل پر سخت امتحانوں کے وقت اور اس کے جلال ظاہر کرنے کے لئے ہر ایک خطر میں اور ہر ایک حالت میں فدا ہونے کیلئے طیار نہ ہو اور جب تک کہ ریا کی تمام جڑیں اور عُجب کی تمام جڑیں اور نفسانی غضب کی تمام جڑیں اور نفسانی حسد کی تمام جڑیں اور نفسانی خود نمائی کی تمام جڑیں اس کے دل سے بکلی دُور نہ ہو جاویں اور جب تک کہ خدا کی ہیبت ایسے زور سے اُس پر اثر نہ کرے کہ دوسرے تمام وجود ایک مرے ہوئے کیڑے کی طرح محسوس ہوں نہ ان کی ستائش سے خوش ہو نہ ان کی مذمت سے رنج پہنچے اور جب تک کہ ایک سچی اور پاک قربانی اپنے تمام وجود اور تمام قوتوں کی خدا کے سامنے پیش نہ کرے اور جب تک کہ معمولی رُوح سے بلکہ اُس کے ساتھ زندہ ہو۔ اور جب تک کہ اس کے لئے ہر ایک تباہی اپنے ہاتھ سے کرنے کے لئے طیار نہ ہو اور جب تک سچی اور کامل محبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اس میں پیدا نہ ہو اور جب تک کہ وہ سچے اور کامل طور پر اعلاء کلمۃ الاسلام پر عاشق نہ ہو تب تک ہرگز ہرگز مکالمات الٰہیہ سے مشرف نہیں ہو سکتا اسی کی طرف خدا تعالیٰ نے ان دو مختصر لفظوں میں اشارہ فرمایا ہے۔ قد افلح من زکّٰھا وقد خاب من دسّٰھا۔ ایسے لوگوں کی دماغی بناوٹ ہی ایک خاص ہوتی ہے۔ جسقدر اُنپر غم پڑتے ہیں اور جسقدر وہ متواتر نہایت سنگین امتحانوں کے ساتھ آزمائے جاتے ہیں اور ایک لمبا سلسلہ ناکامی کا دیکھنا پڑتا ہے اور کسی شخص کا دل اور دماغ ایسا نہیں ہوتا۔ اور اگر اُن کے سلسل غموں میں سے کچھ تھوڑا غم ہی دوسرے پر پڑے تو یا تو وہ مر جاتا ہے اور یا دیوانہ ہو جاتا ہے۔ پس مکالمات الٰہیہ کی اپنی نفس سے خواہش نہیں ظاہر کرنی چاہیئے خواہش کرنے کے وقت شیطان کو موقعہ ملتا ہے اور ہلاک کرنا چاہتا ہے بلکہ اپنا مدعا اور مقصود ہمیشہ یہ ہونا چاہیئے۔ کہ خدا تعالیٰ کی مرضی کے موافق تزکیہ نفس حاصل ہو اور اس کی مرضی کے موافق تقوےٰ حاصل ہو اور کچھ ایسے اعمال حسنہ میسر آجاویں کہ وہ راضی ہو جائے۔ پس جس وقت وہ راضی ہوگا تب اُس وقت ایسے شخص کو اپنے مکالمات سے مشرف کرنا اگر اس کی حکمت اور مصلحت تقاضا کرے گی۔ تو وہ خود عطا کر دے گا۔ اصل مقصود اس کو ہرگز نہیں ٹھہرانا چاہیئے کہ یہی ہلاکت کی جڑ ہے بلکہ اصل مقصود یہی ہونا چاہیئے۔ کہ قرآن شریف کی تعلیم کے موافق احکام الٰہی پر پابندی نصیب ہو اور تزکیہ نفس حاصل ہو اور خدا تعالیٰ کی محبت اور عظمت دل میں بیٹھ جائے اور گناہ سے نفرت ہو۔ خدا نے بھی یہی دُعا سکھائی ہے کہ اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم۔ پس اس جگہ خدا نے یہ نہیں فرمایا۔ کہ تم یہ دعا کرو کہ ہمیں الہام ہو بلکہ یہ فرمایا ہے۔ کہ تم یہ دُعا کرو۔ کہ راہ راست ہمیں نصیب ہو۔ ان لوگوں کے راہ جو آخر کار خدا تعالےٰ کے انعام سے مشرف ہو گئے۔ بندہ کو اس سے کیا مطلب ہے۔ کہ وہ الہام کا خواہشمند ہو اور نہ بندہ کی اس میں کچھ فضیلت ہے۔ بلکہ یہ تو خدا تعالیٰ کا فعل ہے نہ بندہ کا کوئی عمل صالح تا اس پر اجر کی توقع ہو اور پھر جبکہ انسان کے ساتھ یہ آفتیں بھی لگی ہوئی ہیں۔ کہ کبھی حدیث النفس میں مُبتلا ہو جاتا ہے اور اسی کو الہام سمجھنے لگتا ہے اور کبھی شیطان کے پنجہ میں پھنس جاتا ہے اور اسی کو الہام سمجھنے لگتا ہے۔ پس کس قدر یہ خطرناک راہ ہے۔ بغیر خدا کی زبردست شہادتوں کے ایسے الہام کب قبول کے لائق ہیں۔ سخت بدقسمت وہ لوگ ہوتے ہیں۔ کہ کبھی اپنی حالت کا مطالعہ نہیں کرتے کہ کن کن باتوں میں وہ خدا کے نزدیک پاس یافتہ ٹھہر سکتے ہیں اور کن کن آزمائشوں کے بعد ان کا صدق خدا کے نزدیک ثابت ہو سکتا ہے۔ ان سخت گھاٹیوں کے طے کرنے سے پہلے ہی الہام کے خواہشمند ہو جاتے ہیں اس سے پرہیز کرنا چاہیئے اور توبہ اور استغفار میں مشغول ہونا چاہیئے۔ الہام بغیر پورے تقویٰ اور پوری جان فشانی اور پوری محویت کے طبل تہی ہے اور سخت خطرناک اور زہر قاتل ہے۔ انسان جس سے قریب ہوتا ہے اسی کی آواز سنتا ہے۔ پس پہلے خدا سے قریب ہو جاؤ۔ اور شیطان سے دُور۔ تا خدا کی آواز سنو۔

خاکسار مرزا غلام احمدؐ

## دعا مدد

برادر محمد علی خان صاحب شاہجہانپوری بیمار ہیں اور احباب سے درخواست دعا کرتے ہیں۔ اللہ تعالےٰ شفا دیوے

## قابل توجہ خریداران

خط و کتابت کرتے وقت احباب اپنی چٹ کا نمبر خریداری ضرور لکھا کریں۔ کیونکہ پھر نام تلاش کرنے میں بڑی دقت ہوتی ہے۔ ورنہ عدم تعمیل معاف۔

منیجر